| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ن‘ | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ن‘ کی پہچان کرسکیں اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے دو الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف ’ا تا م‘ کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ن‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ن‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’ن‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ن‘ ہے۔ یہ حروف تہجی کا انتیسواں حرف ہے بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ن‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ن‘ کے ذخیرہ الفاظ (ناک، ناشپاتی، نمک، ناخن، ناریل، نلکہ، نان) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف ’ن‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ’ب‘ کے خاندان کے حروف کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ’ن‘ سے نقطے لگائیں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ن‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ن' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ن' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ن' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ن' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو 'ن' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>نانی تیری مورنی کو مور لے گئے　　باقی جو بچا تھا کالے چور لے گئے<br>کھا کے پی کے موٹے ہو کے چور بیٹھے ریل میں　　چوروں والا ڈبہ کٹ کے پہنچا سیدھا جیل میں<br>ان چوروں کی خوب خبر لی موٹے تھانے دار نے　　موروں کو بھی خوب نچایا جنگل کے سردار نے<br>اچھی نانی پیاری نانی روسا روسی چھوڑ دے　　جلدی سے ایک پیسہ دے تو کنجوسی چھوڑ دے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 76 کھولیں۔ اور حرف 'ن' پر انگلی پھیریں۔ اور حرف 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ 'ن' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**ن سے نارنجی:**<br>بچوں کو نارنجی کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ اور اُس کے ساتھ نارنجی رنگ کا کاغذ دیا جائے گا جس کو کاٹ کر وہ نارنجی کے اوپر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 76<br>ورک شیٹ، نارنجی کاغذ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ دی جائے گی 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء میں رنگ بھرے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ن' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ( کوئی سے چار) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ن' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ن' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ن' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک ندی کے کنارے نارنجی اور ناشپاتی کا درخت تھا۔لوگ وہاں سے گزرتے اور یہ دونوں پھل مزے سے کھاتے ۔ایک دفعہ ایک لڑکا جس کا نام ناعل تھا۔ وہ ندی کنارے آیا اس نے وہاں لیٹ کر اپنی نیند پوری کی۔ اس کے بعد خوب نہایا پھر اُس نے نارنجی اور ناشپاتی کھائی اُس کے بعد وہ ننھے کی دکان پر گیا اور وہاں سے نان اور نہاری لے کر گھر چلا گیا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں وہ ناریل میں رنگ بھریں گے جس پہ 'ن' لکھا ہوگا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ندی، نارنجی، نہانا، نیند، نان، نہاری کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>ورک شیٹ، رنگ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ن' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ن' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ یہ حرف 'ن' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ن' کا تلفظ، اور اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ن' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ن' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ن' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے نان، ناریل، نلکہ کی تصاویر دکھائیں جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ن' کی تصاویر اور باقی حروف تہجی کی تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ اور اُن کو کہا جائے گا کہ ان میں سے 'ن' کی تصاویر الگ الگ کریں۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 77 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کہ کیا گلاس کی ابتدائی آواز 'ن' ہے۔ بچوں کو 'ن' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ن' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ن' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 77 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ن' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ن' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ یہ حرف 'ن' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ن' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر 'ن' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ن' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید سیاہ پر حرف 'ن' کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ن' پر پینسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ن' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ن' کی نشاندہی کرنے پر۔ |